Address I have said even today we have not got an authentic copy or the authorized version so to say of what the President had said on the last occassion. There is of course no time limit specified for this but as both the Houses under the rules are expected to discuss the matters outlined in the Address by means of a motion of thanks, *the Houses are entitled to get a copy of the Address as early as possible. It would also be necessary to specify the procedure, the manner in which the Address of the President should be provided to the two Houses, either by making authentic copies available to their Presiding Officers or by laying it on the Table of the two Houses. There again a question may arise and it has arisen during the session in some other connection as to who should lay it, not the Secretariat I must say, the contents of the Address as we have observed already is the responsibility of the Government. The Address itself is supposed to be drafted by the Government and its words are the words of the Government put in the mouth of the President according to parliamentary practice. It must therefore, be placed by the Government on the Table of the House so that a motion by any member or by Government itself it can be debated and discussed.

Now, in conclusion and I think this is relevant with reference to the present privilege motion, to lay down the rule and accepting the offer of the honourable Minister for Justice I think it was Mr. Iqbal Ahmed Khan at that time who had said that 'yes' if there has been a lapse we accept the responsibility and in future we will be guided by whatever the ruling of the Chair is and whatever the sense of the House is with regard to this matter. Now, referring to that I said that the offer of the honourable Minister for Justice and Parliamentary Affairs I would say that in future the date or time when the two Houses should meet for the President's Address under Rule 56 (3) should be specified in advance. There should be a calendar of sittings drawn up for the year as a whole before the commencment of the first Session. Rules-should be framed providing for the manner in which the meeting of the two Houses assembled together should be called and conducted how the President Address, because the President in these matters is governed by the advice of the Government is not a free agent, should be organized. How and in what manner copies of his Address should be made available to the two Houses; how a debate should be initiated on that basis; how much time should be allotted and in what manner for discussion of the matters referred to in the Address and what changes should be made in the existing Rules of Procedure of the two Houses for that purpose and the قلیب کا بند, so to say, was that with this I think while there may have been a mistake or a lapse or whatever but for the future we would be on the right track and we would have set up unambiguous traditions and then, I have said, I hope

this is acceptable to the House and the House said 'yes'. So, looked at from that point of view, I would say that *prima-facie* the privilege motion does appear to be in order because many of the things, which I have said, have not been carried out leaving aside what Mr. Javed Jabbar refers to as the discrimination between the treatment accorded in this matter to the Assembly and to the Senate. I think, we are both the limbs of the same Parliament and I do not think this is a relevant issue that one House or the other has been given preference. Since, there was a clear cut ruling that this programme has to be announced in advance of the year, there has to be rules framed and it is not for me now in view of the very lucid and very, I think, rational and reasonable explanation given by the Minister for Justice and Parliamentary Affairs also whether there has been any further lapse or on his part he has tried his best to comply with the requirements of whatever ruling the Chair had given at that time, but as I said *prima facie* it appears that there was, as I think, let me refer to the Rule itself, *prima facie* the motion does appear to be in order and it is now up to you, up to the House whether you would like to debate it here or refer it to the Privileges Committee in order to listen to the explanation of the honourable Minister and if the arguments advanced by him appear to be correct, rational, I think, there would be no harm done. But this would be if somebody would just move that it should be referred to the Privileges Committee that would serve the purpose.

Mr. Ahmed Mian Soomro: Sir, we would again be wasting time in waiting for the report from the Privileges Committee and as the matter is of an urgent nature therefore, straightaway it be admitted and discussed.

Mr. Chairman: But that matter is coming separately. I think, if you have seen the Orders of the Day for today the Minister has come up with the rules and it is there on today's agenda and it is upto us to pass those rules and if it is done today I think tomorrow we can sit and debate the whole thing. But this question whether there has been any delibrate lapse or any delibrate attempt not to comply with the ruling of the Chair, is I think, something which the House as a whole can not debate rationally, meaningfully. It can go to the Committee of privileges and they would look into the details.

مولانا کوثر نیازی: جناب! یہ مسئلہ پھر کھٹائی میں پڑ جائے گا اور اس کے کئی اجلاس ہوں گے۔

جناب چیئرمین: نہیں، کھٹائی میں نہیں پڑے گا۔ میرے خیال میں، میں نے جو عرض کیا ہے اس کو آپ نے پوری طرح سمجھا نہیں ہے۔ جہاں تک پریذیڈنٹ کے ایڈریس کا تعلق ہے، یا اس کے laying کا تعلق ہے، یہ سب کچھ آج کے آرڈرز آف دی ڈے میں شامل ہے۔ اس کا فیصلہ کہ پریولیج کا بریچ ہوا ہے یا نہیں، وہ بالکل الگ مسئلہ ہے۔ اس کو آپ اس سے detach کر دیں۔ جہاں تک ڈیٹیلز کا سوال ہے وہ بعد میں دیکھا جائے گا۔

Mr. Javed Jabbar: May I move Sir, that it be referred to the Privileges Committee?

جناب اختر نواز خان: جناب والا! اس کو پریولیجز کمیٹی میں کیوں نہ ریفر کر دیا جائے۔

جناب چیئرمین: یہی عرض کر رہے ہیں، انہوں نے بھی یہی suggest کیا ہے۔

مولانا کوثر نیازی: مگر جناب والا! آپ نے اس پر رولنگ نہیں دی کہ پہلی تقریر کا کیا ہوا۔

جناب چیئرمین: پہلی تقریر کے متعلق ہی میں نے عرض کیا تھا کہ وہ بریچ آف پریولیج نہیں تھا۔

مولانا کوثر نیازی: نہیں، نہیں، لیکن آخر وہ گئی کہاں، وہ ہوا میں اڑ گئی یا اس پر بحث ہو گی۔

جناب چیئرمین: نہیں، اب اس پر بحث نہیں ہو گی۔

مولانا کوثر نیازی: کیوں جناب؟

Mr. Chairman: Because that has been evertaken by events.

اس بحث کا مطلب کیا ہے؟ بحث کا مطلب یہ ہے کہ اس سال کے لیے جو گورنمنٹ کا پروگرام ہو یا پالیسی ہو، ان پر بحث کی جائے۔ وہ سال بھی گزر گیا، وہ

کتاب بھی ختم ہوئی یعنی جو مسئلہ بھی تھا وہ سب کچھ ختم ہوگیا ہے۔ اب دوسرا سال شروع ہوا ہے، دوسرے سال کے پروگرام، دوسرے سال کی پالیسیز کے متعلق ۱۹، اپریل کو صدر صاحب نے دوبارہ ایڈریس کیا۔ وہی مسئلہ ہے، اس پر آپ ڈیبیٹ کر سکتے ہیں

this is not something like the reports Council of Islamic Ideology.

کہ ان کی ایک مستقل حیثیت ہے، یہ اسی سال کے پروگرام کے ساتھ متعلق ہے، اس وقت یہ پوائنٹ جو اٹھایا گیا تھا وہ وسیم سجاد صاحب نے خود اٹھایا تھا کہ یہ بریچ آف پریویلیج ہوا ہے۔ اس پر رولنگ دی گئی تھی کہ بریچ کے ہم بہت نزدیک آگئے تھے لیکن بریچ ہوا نہیں۔

So, this is referred to the Privileges Committee.

Mr. Ahmed Mian Soomro: To report back within one week Sir. Time may be fixed.

Mr. Chairman: But that again, I think, does not serve the purpose. Again the report will have to come here and then it will be discussed. For the time being you concentrate on the framing of the rules on the laying of the President Address and asking for time or an opportunity to discuss that Address in the House.

Mr. Ahmed Mian Soomro: If no time is fixed it would mean 30 days and by that time how many sessions we have? It will be just throwing it away from the House.

Mr. Chairman: But even if the Committee reports, unless the House is meeting, the Committee can not present its report to the House. The House would still not be in session but by the time the House meets, the report would also be ready.

(Pause)

Mr. Chairman: So, is this acceptable that the privilege motion is referred to the Privileges Committee?

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: This stands referred to the Privilege's Committee.

(ii) *RE:* FAILURE TO ELECTRIFY TWO VILLAGES AS PROPOSED BY A SENATOR

ملک فرید اللہ خان: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ سینیٹ میں مندرجہ ذیل استحقاق کی تحریک پر غور کیا جائے۔ وزیر اعظم پاکستان جناب محمد خان جونیجو نے گذشتہ سال ممبران سینیٹ اور قومی اسمبلی کی صوابدید پر دو گاؤں کو بجلی دینے کے لئے محکمہ واپڈا کو ہدایات جاری کی تھیں میں نے اس حق کو استعمال کرتے ہوئے علاقہ تنگی جنوبی وزیرستان کرک بندہ خیل بنوں ایف آر کے نام تجویز کئے تھے۔ ہر دو علاقہ جات کے لئے کام شروع کیا گیا لیکن بعد میں نامعلوم وجوہ کی بنا پر کام روک دیا گیا اور تاحال محکمہ واپڈا نے کام بند کیا ہوا ہے جس سے علاقہ جات میں بے چینی کی فضا پائی جاتی ہے۔ میں نے متعلقہ حکام کو کئی بار مطلع کیا اور خطوط بھی لکھے لیکن انہوں نے کسی خط کا جواب نہیں دیا۔ ممبران پارلیمنٹ کے منصوبہ جات کو التوا میں ڈالنے سے عوام میں ان کی ساکھ بری طرح متاثر ہوتی ہے جبکہ اس ضمن میں وزیر اعظم کی واضح ہدایات موجود ہیں۔ لہٰذا واپڈا کے اس طرز عمل سے میرا استحقاق مجروح ہوا ہے۔

جناب چیئرمین: اس کی اگر آپ یہ وضاحت کر دیں کہ آپ کا استحقاق کیا تھا جو مجروح ہوا ہے؟

ملک فرید اللہ خان: جناب وزیر اعظم صاحب نے گذشتہ سال ہمیں پارلیمنٹری پارٹی کی میٹنگ میں یہ ایک سہولت دی تھی کہ ہر ایک ممبر اپنے حلقہ انتخاب میں سے جن دو گاؤں کو بجلی مہیا کرنے کی سفارش کرے گا ان گاؤں کو بجلی دی جائے گی تو حیرت کا مقام یہ ہے کہ وزیر اعظم کی ہدایات پر بھی نوکر شاہی عملدرآمد نہیں کرتی۔ بلکہ وہ یہ محسوس کرتے ہیں کہ منتخب حکومت اور پارلیمنٹ ان کے اختیارات میں مداخلت کر رہی ہے۔ جناب والا! میری اس تحریک استحقاق کے بعد واپڈا والوں نے از راہ کرم مجھے اپنے ایک خط کا جواب بھیج دیا ہے۔ حالانکہ میں گذشتہ نو مہینوں سے

ان کو لکھ رہا ہوں مگر انہوں نے یہ زحمت گوارا نہیں کی کہ خط کا جواب دیتے۔ جب میں نے یہ تحریک پیش کی تو انہوں نے یہ جواب دیا کہ ان سکیموں کے لئے ہم پانچ فیصد رقم سالانہ مختص کر رہے ہیں۔ گویا کہ وہ ایک گاؤں کو دس سالوں میں بجلی پہنچائیں گے قبائلی علاقوں میں دوسرے علاقوں کی نسبت صورت حال مختلف ہے۔ کیونکہ قبائلی علاقہ میں پولز کی حفاظت کون کرے گا اور دس سالوں کے وقفے میں معلوم نہیں دنیا کیا سے کیا ہو جائے گی۔ بہرحال انہوں نے جواب یہ دیا ہے کہ ہم ایک مالی سال کے دوران پانچ فیصد رقم ان سکیموں کے لئے دیں گے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی ایک مذاق ہے اور ان منصوبوں کو پایہ تکمیل تک نہ پہنچانے کی یہ لوگ سازش کر رہے ہیں میں نے یہ تحریک اس وجہ سے دی تھی کہ ان کو خطوط بھیجے گئے انہوں نے جواب نہیں دیا اور وزیراعظم کے احکامات کی بھی انہوں نے کوئی پرواہ نہیں کی۔ میں سمجھتا ہوں وزیراعظم صاحب . . . . .

جناب چیئرمین : وہ تو وزیراعظم صاحب کا استحقاق مجروح ہوا ہوگا۔

ملک فرید اللہ خان : جناب ! وزیراعظم صاحب اس پارلیمنٹ کے فرد ہیں اور ہم میں سے ہی ہیں اگر ان کا استحقاق مجروح ہوتا ہے تو ہمارا تو واضح طور پر ہوتا ہے۔

Mr. Chairman: Anybody on behalf of the Government.

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جناب میں اس تحریک کے بارے میں کچھ کہنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین : جی فرمائیے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جناب والا ! جس طرح ملک فرید اللہ صاحب نے یہ بات کہی ہے۔ حقیقتاً جو سہولتیں اراکین پارلیمنٹ کو دی گئی ہیں تو بلوچستان میں، میں نے ۱۹۸۶ء میں ایک سکیم دی اور واپڈا نے آج تک اس پر عملدرآمد نہیں کیا۔ وہاں پر غریب جھگی نشین عوام ہیں انہوں نے اس کیلئے ڈیمانڈ کی تھی۔ میں نے

[Mr. Abdul Rahim Mir Dad Khel]

ان کی درخواست پر یہ حق استعمال کیا تھا لیکن آج ڈیڑھ سال تک اس پر عملدرآمد نہیں ہو سکا۔ وہاں کا چیف صاحب اپنے آپ کو وزیراعظم سے بڑا سمجھتا ہے جو وزیر محترم کے دستخطوں کا بھی انکار کر رہا ہے اور کہہ رہا ہے کہ میں اس کی نہیں مانتا جب تک میری نہیں چلے گی۔ تو اس ملک میں جمہوریت اور بیوروکریسی ایک ساتھ نہیں چل سکتیں۔ اگر یہ جمہوریت ہے تو پھر عوام کے منتخب نمائندوں کو وہ سہولتیں ملنی چاہئیں جس کے وہ حقدار ہیں۔

Mr. Chairman: Do you know about the case?

Mr. Wasim Sajjad: Sir, this is regarding electrification of certain villages. I think, it pertains to the provincial Government and the Water and Power Department and so, we can get the necessary instructions from these departments Sir, because I don't have these instructions today.

Kazi Abdul Majid Abid: Sir, I have received the instructions only just now. So, if I am given time I will find it out by tomorrow.

Mr. Chairman: I have no objection if you want to do that but unless...

Kazi Abdul Majid Abid: I would like to have the Member satisfied so I would like to look into this.

Mr. Chairman: Right. Then we postpone it for tomorrow. Next. There is last one for today—Qazi Hussain Ahmed Sahib.

(iii) FAILURE OF THE GOVT. TO ARRANGE PASSAGE OF THE CONSTITUTION (NINTH AMENDMENT) BILL 1986 BY THE NATIONAL ASSEMBLY

قاضی حسین احمد: جناب والا! میں نے اس تحریک استحقاق کا نوٹس دیا تھا کہ سینیٹ نے متفقہ طور پر عرصہ سے آئین کا نواں ترمیمی بل پاس کر دیا تھا۔ حکومت کا فرض تھا کہ وہ سینیٹ سے پاس کروانے کے بعد اسے قومی اسمبلی سے پاس کروانے

کا اہتمام کرتی لیکن حکومت نے اس سلسلے میں اپنی ذمہ داری پوری نہیں کی۔ اس سے سینیٹ کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ لہٰذا ایوان اس پر غور کرے۔

Mr. Wasim Sajjad: Opposed:

جناب چیئرمین: جناب قاضی صاحب آپ فرمائیں۔

قاضی حسین احمد: جناب چیئرمین! اس حکومت کا جو گذشتہ اڑھائی سال کا مسلسل رویہ ہے، امن و امان کی صورت حال کے بارے میں بھی، شریعت کے قوانین کے نفاذ کے سلسلے میں بھی، اور نویں ترمیمی بل کا جو حشر ہو رہا ہے اور شریعت بل کا جو حشر ہو رہا ہے اور ساتھ ہی ملک بھر میں جس طرح بموں کے دھماکے ہو رہے ہیں اور امن و امان کی صورت حال خراب ہو رہی ہے اور سینیٹ میں تین دفعہ امن و امان کی صورت حال پر مکمل بحث ہوئی ہے، ہر سیشن میں ایک بحث امن و امان کی ہو جاتی ہے اس کے باوجود حکومت کوئی فیصلہ کن اقدامات نہیں کرتی کوئی بڑا اقدام نہیں کرتی اور اڑھائی سال کے عرصے میں، اس تذبذب اور بے یقینی کی کیفیت سے یہ بات ثابت ہو گئی ہے کہ یہ حکومت نا اہل ہے تذبذب کا شکار رہے اور اس حکومت کی انتظامیہ میں یہ صلاحیت ہی باقی نہیں رہی کہ وہ امن و امان کی صورتِ حال میں بہتری پیدا کر سکے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ حکومت کسی فیصلے پر پہنچنے کی صلاحیت نہیں رکھتی۔

جناب والا! نویں ترمیمی بل کے موقع پر یہاں سینیٹ کے فلور پر وزیر اعظم نے سینیٹ سے پاس ہونے کے بعد تقریر کی لوگوں کی مبارکباد قبول کی اور بہت فخریہ انداز میں کہا کہ ہم نے بڑا اسلامی کارنامہ سرانجام دیا ہے اگرچہ وہ ایک ادھورا کام تھا اس کے باوجود ہم نے اس ادھورے کام کی مخالفت نہیں کی ہم نے کہا کہ پہلے آپ سے جتنا ہو سکے کر دیں لیکن ان کے اندر اس ادھورے کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی بھی صلاحیت نہیں ہے سینیٹ نے اس کو پاس کر دیا ہے ہمارے پاس

[Qazi Hussain Ahmed]

قومی اسمبلی سے جب بھی کوئی چیز آتی ہے اس کو ایک دو روز میں پاس کر دیتے ہیں لیکن ایک سال سے زیادہ عرصہ گزر چکا ہے اور حکومت خود اس کے بارے میں بے یقینی کی شکار رہے یہی صورتحال شریعت بل کی بھی ہے پرائیویٹ ممبرز ڈے کو کسی نہ کسی طریقے سے ٹالنے یا avoid کرنے کی کوشش کی جارہی ہے اس سے جان چھڑانے کی کوشش کی جا رہی ہے پچھلے سیشن میں ہمیں یہ یقین دہانی کرائی گئی کہ حاجی سیف اللہ صاحب نئے آئے ہیں وہ مذاکرات کے ذریعے مسئلہ کو حل کر دیں گے اس لئے یہ پرائیویٹ ممبرز ڈے ملتوی کر دیا جائے ہم نے اس کی مخالفت کی لیکن مسلم لیگ نے اپنی واضح اکثریت کے ذریعے سے بالکل ناجائز طور پر ہمارے ایک حق کو یعنی پرائیویٹ ممبرز ڈے کو بھی سلب کر لیا اور یہ سب کچھ حکومت نے کیا یہ پوری صورت حال اس بات کی غمازی کرتی ہے کہ اس حکومت سے بار بار مطالبہ کرنا یہاں سینیٹ میں بیٹھ کر بحث کرنا اور امن وامان کی صورت حال پر بحث کرنا صدا بصحرا ثابت ہوتی ہے اور کسی کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔

یہ صورت حال ہے جس کی وجہ سے جناب والا! متحدہ شریعت محاذ کی شوریٰ نے فیصلہ کیا کہ سینیٹ کے اس سیشن کا بائیکاٹ کر دیا جائے۔ میرے ساتھی بھی یہاں بیٹھے ہیں اور ہم چونکہ بائیکاٹ کر رہے ہیں جناب چیئرمین! اور آپ کا بہت وقت بچے گا اس لئے یہ ہمارا حق ہے اور آپ کو ہمیں یہ موقع دینا چاہیئے۔ یہاں میرے ساتھی موجود ہیں شریعت بل کے محرکین موجود ہیں۔ عبدالرحیم میرداد خیل موجود ہیں۔ دوسرے بھی یہاں شریعت کے لئے بات کرنے والے خاصی تعداد میں موجود ہیں۔ وسیم سجاد صاحب نے خود کہا ہے کہ شریعت پر اختلاف نہیں ہے۔ حالانکہ جناب والا! وسیم سجاد صاحب بہتر جانتے ہیں کہ شریعت پر اختلاف نہیں ہے تو شریعت تو شریعت بل کے ذریعے سے یہاں نافذ ہوگی، کوئی تجویز پیش ہوگی، کوئی مطالبہ پیش ہوگا۔ یہ تو بالکل انہوں نے لوگوں کو دھوکہ دینے کے لئے، فریب دینے کے لئے بات کی ہے شریعت بل پیش ہوگا۔ اس پر بحث ہوگی۔ اس میں آپ ترامیم پیش کر دیں اس میں خود ہم نے ترامیم

پیش کی ہیں اور اس کے نتیجے میں یہ بات ثابت ہوگی واضح ہو گی کہ کیا حکومت کا مؤقف درست ہے یا ہمارا موقف درست ہے اور یہ بات سب لوگوں پر واضح بھی ہو چکی ہے۔ اس بات میں اب کوئی شک وشبہ بھی نہیں رہا۔ اس لئے جناب چیئرمین! میں آپ سے یہ گزارش کروں گا۔ یہ اہم مسئلہ ہے پورے ملک میں اس پر بحث ہو رہی ہے۔ اور ہر روز اخبارات میں یہ بحث کا موضوع بنتا ہے۔ اس لئے آپ کو ہمیں ضرور یہ موقع دینا چاہیئے کہ ہم اپنے بائیکاٹ کی وجہ بیان کریں کہ ہم کیوں اس پر مجبور ہو رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! میں نے بہت صبر سے کام لیا ہے۔ میں آتے ہی قواعد وضوابط اور اجازت کے بغیر اٹھ کر اس وقت بھی یہ کہہ سکتا تھا۔ صبح بھی یہ کہہ سکتا تھا لیکن میں نے صبر کیا ہے۔ میں نے اپنی تحریک استحقاق کو اس کا موضوع بنایا ہے اور میں قواعد کے مطابق آپ سے یہ استدعا کرتا ہوں کہ ہمیں اس کا حق دیا جائے کہ ہم اپنے بائیکاٹ کی وجہ بیان کریں اور پھر ہم یہاں اس ایوان میں نہیں بیٹھیں گے۔ آپ کا وقت بھی بچے گا کیونکہ یہاں بیٹھنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ! جی۔ قاضی صاحب! آپ بات کرنا چاہتے ہیں۔

قاضی عبداللطیف: گزارش یہ ہے کہ قاضی صاحب نے ایک اعلان کیا ہے کہ ہم نے اس وقت بائیکاٹ کرنا ہے۔ اس سلسلے میں انہوں نے پہلے ایک تحریک استحقاق پیش کی، نویں ترمیم کے سلسلے میں اور اس میں انہوں نے امن وامان کا بھی ذکر کیا۔ میری تحریک التوا بھی اس سلسلے میں آ رہی ہے اور انہوں نے کہا ہے کہ حکومت امن وامان قائم کرنے میں ناکام رہی ہے اور نااہل ہے۔ میں اس سے ذرا معذرت کے ساتھ یہ کہوں گا کہ حکومت دیدہ ودانستہ سب کچھ کرا رہی ہے۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں قاضی صاحب اس کا اس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔

قاضی عبداللطیف : اس سلسلے میں انہوں نے جو کہا ہے میں اس کی تائید کر رہا ہوں ۔

جناب چیئرمین : ان کو بھی قواعد کے مطابق صرف ایڈمیسبلٹی پر بات کرنی چاہیئے تھی یہاں پر امن وامان کا سوال نہیں ہے ۔ تحریک التوا یہاں علیحدہ آ رہی ہیں ۔ دل کھول کر ان پر بحث کیجئے گا ۔

قاضی عبداللطیف : میں عرض کر رہا ہوں کہ تحریک التوا نہیں پیش کروں گا ۔ میری تحریک التوا اس وقت موجود ہے ۔ جو تحریک التوا میں نے پیش کی تھی اس کی تاریخ ہے ۲۹ اپریل ۔ اور اس وقت میں نے یہ کہا تھا کہ بیس ہزار قبائلیوں کو روس والے تربیت دے رہے ہیں اور یہاں آ کر وہ تخریب کاری کریں گے ۔ اس پر کسی نے نوٹس نہیں لیا ۔ آج وہ تحریک التوا آ رہی ہے جب کہ یہ دھماکے شروع ہو چکے ہیں ۔ اس کے علاوہ میں نے دسمبر ۱۹۸۶ء میں ایک سوال دیا تھا ۔ جناب والا ! میں اتنی گزارش آپ سے کروں گا کہ آپ اس ایوان کے چیئرمین ہیں ہمارے رئیس ہیں ۔ ہمارے صدر ہیں ۔ اس ایوان کا فرض ہے کہ یہ حکومت جس بے لگامی سے چل رہی ہے اس کو لگام دی جائے ۔ آپ کو معلوم ہے کہ میں نے دسمبر میں یہ سوال دیا تھا ۔

جناب چیئرمین : ضرور دیں لیکن قاعدے قواعد کے مطابق دیں جو آپ کے بنائے ہوئے ہیں ۔

قاضی عبداللطیف : قواعد کے مطابق ، جناب والا ! میں بائیکاٹ کا اعلان کر رہا ہوں مجھے کچھ تو کہنے دیجئے کہ میں کیوں بائیکاٹ کر رہا ہوں اور میں اس ایوان کو کیوں چھوڑ رہا ہوں ۔ اتنی بات تو مجھے کہنے دیجئے ۔ میں گزارش کروں گا کہ دسمبر میں ، میں نے سوال دیا تھا دھماکوں کی تفصیل کے لئے ۔ وہ ۷ جنوری کے لئے ملتوی کر دیا گیا تھا اور یہ کہا گیا تھا کہ معلومات اکٹھی کی جا رہی ہیں ۔ یہ سوال ۷ جنوری سے ۲۲ جنوری تک ملتوی کر دیا گیا ۔ ۲۲ جنوری کو مجھے اس کا جو جواب ملا تھا اس میں یہ تھا کہ کل دھماکوں کی تعداد ۴۵۳ ہے اور ہلاک شدگان کی تعداد ۲۹۵ ہے ۔ زخمیوں کی تعداد ۸۶۰ ہے

اور اس کے ساتھ دو سوال یہ تھے کہ یہ بتایا جائے کہ کتنے آدمی گرفتار ہوئے ہیں کتنوں پر مقدمے چلے ہیں اور کتنے کو سزا دی گئی ہے ان میں آپس میں تطبیق نہیں ہو رہی تھی تو وزیر صاحب نے معذرت کے ساتھ کہا تھا کہ ہم اس کے متعلق جواب دیں گے۔ اس کے بعد ۳۰ اپریل کو جواب آیا ہے، جناب والا! ذرا اس کا نوٹس تو لیجئے۔ اس میں یہ کہا گیا ہے کہ کل تعداد دھماکوں کی ۸۲ ہے۔ جب کہ پہلے یہ کہا گیا تھا کہ ۴۵۳ ہے۔ ہلاک شدگان کی تعداد ۴۴ بتائی گئی ہے جب کہ پہلے بتایا گیا تھا کہ ۲۹۵ ہے۔ زخمیوں کی تعداد ۲۴۸ بتائی گئی ہے جبکہ پہلے بتایا گیا تھا کہ ۸۶۰ ہے۔

Mr. Wasim Sajjad: Sir, he may be asked to confine himself.

قاضی عبداللطیف: جناب والا! آج جو آیا ہے اخبار میں .... (مداخلت)

جناب چیئرمین: صرف میری ایک عرض سنیں۔ جہاں تک آپ کے بائیکاٹ کرنے کا سوال ہے آپ نے اس ایوان سے باہر تمام اخباروں کو دیا ہوا ہے۔ کل سے وہ چھاپ رہے ہیں۔

(مداخلت)

قاضی عبداللطیف: وسیم صاحب اس لئے مجھے روک رہے ہیں کہ آج کا ایک تراشا پیش کر رہا ہوں اخبار کا..... (مداخلت)

جناب چیئرمین: میری بات سن لیں۔ پھر آپ جو کچھ ارشاد فرمانا چاہتے ہیں فرمائیں۔ سوال یہ ہے کہ ہمارے پاس ایک تحریک استحقاق ہے۔ اس کو آپ ختم کر دیں یا accept کر دیں یا ریجیکٹ کر دیں، جو کچھ آپ کی مرضی ہے یہ ہاؤس کا کام ہے۔ اس کے بعد اگر آپ ایکسپلینیشن میں کچھ کہنا چاہتے ہیں تو ضرور کہیں۔

قاضی عبداللطیف: ایک جملہ اس کے تتمہ کے طور پر عرض کر رہا ہوں۔

(مداخلت)

قاضی حسین احمد: جناب والا! ہم نے کوئی تحریک استحقاق پیش نہیں کی۔ ہمارا بائیکاٹ ہے ہم نے اس کو ذریعہ بنایا ہے۔ کوئی تحریک استحقاق ہماری نہیں ہے۔ یہ

[Qazi Abdullatif]

حکومت اس بات کی صلاحیت ہی نہیں رکھتی کہ اس کے سامنے کوئی بات پیش کریں اور یہ اس پر کوئی فیصلہ کر سکے۔

جناب چیئرمین : مجھے افسوس ہے کہ آپ ایک فارمل نوٹس دیتے ہیں۔ اس کو ریکارڈ پر لایا جاتا ہے۔ اس پر آپ کھڑے ہوتے ہیں بحث کرنے کے لئے۔ اس کو آپ پڑھ دیتے ہیں۔ پھر آپ فرماتے ہیں کہ اس کو ایک ذریعہ بنایا گیا تھا بائیکاٹ کا۔

قاضی حسین احمد : یہ اس وقت نوٹس دیا تھا جناب چیئرمین ! جب یہ فیصلہ نہیں ہوا تھا۔

جناب چیئرمین : جہاں تک بائیکاٹ کا تعلق ہے
You could have got up even otherwise, I would have permitted you.
میں اب بھی آپ کو اجازت دوں گا اگر آپ چاہتے ہیں۔ حالانکہ مجھے شک ہے کہ قواعد کے مطابق ہے یا نہیں۔ لیکن تحریک استحقاق کے ضمن میں یہ اجازت نہیں دے سکتا جو آپ فرما رہے ہیں یا قاضی صاحب فرما رہے ہیں۔ بے شک آپ علیحدہ جو کچھ مرضی ہے کریں۔ جہاں تک بائیکاٹ کا تعلق ہے . . . . (مداخلت)

قاضی حسین احمد : جناب چیئرمین ! اس کا نوٹس میں نے بہت پہلے دیا تھا۔ اس وقت ہم نے یہ فیصلہ نہیں کیا تھا۔ قطعاً میں نے یہ ذریعہ نہیں بنایا اور نہ ہی وہ بوگس ہے۔ یہ بوگس بھی نہیں ہے۔ یہ بالکل ایک حقیقی مسئلہ ہے۔

جناب چیئرمین : وہاں پر بھی اگر آپ قانوناً یہ چاہتے ہیں کہ اس کی کیا حیثیت ہے تو میں آپ کو ابھی سنا دیتا ہوں۔ یہ صحیح ہے کہ
The Constitution (Ninth Amendment) Bill.
. . . . . (مداخلت)

قاضی حسین احمد : جی میں نے اس کی استدعا نہیں کی۔ اس کی قانونی حیثیت نہیں پوچھی۔

جناب چیئرمین : تو پھر آپ اسے withdraw کر رہے ہیں ؟

قاضی حسین احمد : میں بھی نہیں کر رہا ہوں۔ میں نے اس کا بہت پہلے نوٹس دیا تھا مجھے یہ اعتماد نہیں ہے کہ یہاں کسی مسئلے پر فیصلہ ہو سکتا ہے۔

Mr. Chairman: Then it will have to be ruled out.

Mr. Wasim Sajjad: Sir, but I would like to say something since so many things have been said on this matter, I would like to

میں بھی اسے ذریعہ بنانا چاہتا ہوں

جناب چیئرمین : اگر آپ اس کی قانونی حیثیت جاننا چاہتے ہیں تو میں آپ کو بتا دوں۔

to save the time of the House because ultimately again I will have to give a ruling after what you say. And what I have said is that the Bill as Qazi Sahib himself is saying is now pending before the National Assembly.

قاضی عبداللطیف : جناب والا ! آپ ہمیں کم از کم اتنی تو اجازت دیجئے کہ ہم اپنے بائیکاٹ کی وجوہ تو بتا سکیں۔

جناب چیئرمین : تحریک استحقاق کے تحت بائیکاٹ کی وجوہ بیان کرنا کس قانون میں لکھا ہوا ہے جو قواعد آپ نے بنائے ہیں اس میں اگر ایسے آپ بائیکاٹ چاہتے ہیں یا لوگ ایسے اگر واک آؤٹ کرنا چاہتے ہیں .... (مداخلت)

قاضی عبداللطیف : انہوں نے ایک تحریک استحقاق پیش کی اور اس میں انہوں نے کہا کہ میں اس کو واپس اس لئے لے رہا ہوں کہ میں اس وقت بائیکاٹ کر رہا ہوں اور جب وہ بائیکاٹ کر رہے ہیں تو ہم بھی ان کے ساتھ بائیکاٹ کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین : قاضی صاحب آپ جو point of view present کر رہے ہیں۔ وہ وہی جو حافظ نے نہ جانے کتنے سو سال پہلے کہا تھا :

ز دست جور تو گفتم ز شہر خواہم رفت

بخندہ گفت برو حافظا کہ پائے تو بست

اگر آپ نے بائیکاٹ کیا ہوا ہے توکسے پائے تو و بست، یہاں آنے کی "تکلیف اور زحمت کیوں گوارا کی۔ بائیکاٹ تو وہاں سے ہی شروع تھا۔

قاضی حسین احمد : یہاں پر رجسٹر کرنے کے لئے کہ ہم کیوں مجبور ہو رہے ہیں یہ ہمارا حق ہے ۔

جناب چیئرمین : وہ ہو گیا ہے ۔

قاضی حسین احمد : ہمارا حق ہے یہاں پر رجسٹر کرنا ۔ ریکارڈ پر لانا ۔

جناب چیئرمین : یہی تو میں عرض کرتا ہوں ۔

قاضی حسین احمد : حکومت کی نااہلی کی وجہ سے ہم بائیکاٹ پر مجبور ہو رہے ہیں ۔

جناب چیئرمین : یہ آپ کا حق ہے لیکن یہ پریویلیج موشن کے context میں نہیں ہو سکتا ۔ یہ تحریک استحقاق کے ضمن میں نہیں ہو سکتا اور اس میں سیدھی بات یہ ہے کہ جہاں تک اس ایوان کا تعلق ہے ۔

The constitutional amendments are made under Article 239. It provides the procedure how that should be done. That Article does not specify any time limit. It does not say that anybody else can influence. As a matter of fact it would be interference with the working of a sovereign entity of the Parliament in their own sphere and jurisdiction. They can take as much time over that Bill as they wish. You can blame the Government for this. That is a different matter.

قاضی حسین احمد : قاضی صاحب مخاطب ہیں جناب چیئرمین اور اردو میں...

جناب چیئرمین : میں تو سب سے مخاطب ہوں ، یعنی پورے ایوان سے مخاطب ہوں ۔

قاضی عبداللطیف : تو کیا میں اس کی وجوہات بیان کر سکتا ہوں ۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں اس کو ہم ڈسپوز آف کر لیتے ہیں ، پھر مجھے قاعدہ قانون بتا دیں کہ اس کے نیچے آپ بائیکاٹ کا جواز پیش کرنا چاہتے ہیں تو وہ ہم مان لیں گے پھر ....

قاضی عبداللطیف: بائیکاٹ کا جواز تو میں یہی پیش کر رہا ہوں کہ مجھے یہ کہنے تو دیجیے کہ میں بائیکاٹ کیوں کر رہا ہوں اس کے بعد آپ اس کا فیصلہ دے سکیں گے....

جناب چیئرمین: وہ تو میں نے کہہ ہی دیا ہے کہ حافظ کے وقت سے جو ایک ٹریڈیشن آ رہی ہے ایک لفظ میں

؏ ز دست جور تو گفتم ز شہر خواہم رفت

تو بائیکاٹ تو ہو ہی گیا۔

Mr. Ahmed Mian Soomro: Point of Order, Sir. I would request a ruling from you whether Article 239 is also **governed** by Article 70 where the other House is expected to give a decision within 90 days.

Mr. Chairman: It is not for me to interpret Constitutional provisions. This is a matter for the courts but 239 is an altogether independent Article and if that House does not approve of this that means the end or the death of the Bill itself because there is no provision in the Constitution that if there is a difference between the two Houses with regard to Constitutional amendments how that difference is to be resolved.

Mr. Ahmed Mian Soomro: Then you also mean to say that even for the term of this Senate if the other House does not take a Bill passed by this House it can just carry on.

Mr. Chairman: Well, show me any rule, Constitution or rule or any tradition where one House......

Mr. Ahmed Mian Soomro: In Article 70, there is a provision for ordinary Bill other than Constitutional amendment.

Mr. Chairman: That is right.

Mr. Ahmed Mian Soomro: Where there is no specific provision, it is supposed to be guided by the general provisions.

Mr. Chairman: No. If the matter was so important....... *interruption)*

Mr. Ahmed Mian Soomro: The intention cannot be that the whole session of the......

Mr. Chairman: Soomro Sahib if the matter was so important that the Constitution had to devote a special chapter on it. It had to make special provision for this then, I think you cannot apply the general rule that in the case of difference of opinion between the two Houses. Either House can request the President to call the two Houses to a session or a joint sitting. This is not there.

Mr. Ahmed Mian Soomro: With respect I would submit, I do not say in the case of difference of opinion but it is upto the Government to bring it. If the Government for the whole tenure of this Assembly or Senate does not bring a Bill passed by one House, should it remain as it is? Is that the intention of the Constitution? I, therefore, think it will be governed by Article 70.

Mr. Chairman: I think nothing is wrong with the Constitution. In that case you can accuse the Government as some of the honourable Members are doing now, of " بد دیانتی ", of not doing a thing which they are required to do but there is no Constitutional remedy. There is no remedy with me.

Mr. Ahmed Mian Soomro: Would Article 239 be of no avail? Is it useless?

Mr. Chairman: A House can take as much time over the passage of a Bill, over the passing of a Bill transmitted to it by the other House as it wished. One House cannot interfere in the Constitutional responsibility of the other House. In their own sphere they are absolutely independent.

Mr. Ahmed Mian Soomro: Here the question would also arise what would you deem as trasmitted. Whether a receipt by the Upper House of a Bill passed by the Lower House would be considered as transmitted to this House or when it actually starts discussing it.

Mr. Chairman: I think, these are all theoretical questions. If you put and formulate them precisely and if they are relevant I will certainly answer but I am not here to interpret the Constitution for you. I think, you are as competent as anybody else.

Mr. Ahmed Mian Soomro: For our purpose you are here to interpret what we think, you are here to reply to our point of order. For every thing we cannot go to a court.

Mr. Chairman: In the context of particular situations.

قاضی عبداللطیف : جناب مجھے آپ کے شعر کے مقابلے میں شعر کہنے کی اجازت ہوگی۔

جناب چیئرمین : جی ہاں، لیکن صرف شعر ہی کہیئے۔

قاضی عبداللطیف : جی ہاں صرف شعر ہی کہوں گا۔

ز شیخ شہر جان بردم بہ تزویر مسلمانی
مدارا گر بہ ایں کافر نمی کردم چہ می کردم

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے، وہ تو آپ نے پہلے ہی کہہ دیا تھا۔ مولانا سمیع الحق۔

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین! چونکہ میں بھی شریعت بل کا ایک محرک ہوں تو میں بھی اپنے جذبات کا اظہار ایک دو منٹ میں ضروری سمجھتا ہوں۔

جناب چیئرمین : شریعت بل کا یہاں پر ذکر نہیں ہے۔

مولانا سمیع الحق : شریعت بل کے سلسلے میں اس سیشن سے بائیکاٹ کا سلسلہ چل رہا ہے میں اسی موضوع پر کچھ کہنا چاہتا ہوں۔

جناب وسیم سجاد : شریعت بل کا کوئی مسئلہ نہیں ہے جناب! یہ بائیکاٹ ایک غیر اسلامی رویہ ہے اور بائیکاٹ کو ٹرانسلیٹ کرنے میں ان کے پاس کوئی لفظ بھی نہیں کوئی عربی کا لفظ لے آئیں کوئی اسلامی لفظ لے آئیں، بائیکاٹ عین غیر اسلامی چیز ہے۔

مولانا سمیع الحق : اصل چیز تو جہاد ہے کہ تلوار لے کر منافقین کی گردنیں کاٹ دو، ہم بڑے آزاد کار ندے ہیں اور صرف کم ترین لفظ استعمال کرتے ہیں۔

Mr. Chairman: This motion is ruled out of order.

قاضی عبداللطیف : پوائنٹ آف آرڈر، صرف ایک اجازت چاہوں گا، وسیم سجاد صاحب نے فرمایا کہ یہ غیر اسلامی کردار ہے اور وہ لوگوں کے ذہن میں یہ چیز ہمیشہ ڈالا کرتے ہیں اس کے متعلق مجھے صرف دو آیات پڑھنے کی

[Qazi Abdul Latif]

اجازت دیجیے ان آیات کا ترجمہ یہ ہے کہ جب آپ ان لوگوں کو دیکھیں کہ جو ان پڑھ ہوں آیتوں کے بارے میں اور وہ اس کی تفسیر کو نہ سمجھتے ہوں ان کے معانی کو نہ سمجھتے ہوں اور اس کے اندر وہ بحث کرنے لگ جائیں تو پھر آپ کا فرض ہے اے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کہ اس مجلس سے آپ اٹھ جائیے - ان سے آپ روگردانی کیجئے اتنے تک کہ وہ دوسری بات شروع کر دیں اور اگر بالفرض آپ سو یہ چیز شیطان بھلا دے اور آپ کو یاد نہ رہے تو اس کے بعد جس وقت بھی آپ کو یاد آجائے تو پھر ظالموں کے ساتھ بیٹھنا نہیں چاہیئے ۔ ہم دو سال سے یہ شریعت بل پیش کر رہے ہیں اور اس کے اندر ہمیشہ ان کا موقف یہ رہا ہے کہ متفقہ شریعت بل ہم لائیں گے لیکن آج تک ان کو یہ توفیق نہیں ہوئی کہ وہ متفقہ شریعت بل اس کے متبادل ہمارے پاس لے آتے کہ وہ ہے کیا، تو اس لئے میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ ہمارے سامنے اب اس کے سوا اور کون سا راستہ ہے کہ ہم ان کے ساتھ نہ بیٹھیں، جس طریقے سے نبی صلے اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں ایسے زمانے سے کہ جس میں علماء کی تابعداری نہیں کی جائے گی، میں اس ایوان میں ایک عالم کی حیثیت سے آیا ہوں ٹیکنوکریٹ کی حیثیت سے آیا ہوں، میں نے اپنی سند پیش کی ہے، میرے فن کی توہین کی جا رہی ہے تو وسیم سجاد صاحب جن کو میرا خیال ہے کہ آیت پڑھنے کی بھی توفیق نہیں ہوئی کہ جو صحیح طریقے سے قرأت کے ساتھ آیت پڑھ دے لیکن وہ بھی اس کے اندر مداخلت کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم متفقہ بل لائیں گے ..... (مداخلت)

جناب چیئرمین: میرے خیال میں جہاں تک بائیکاٹ کا تعلق ہے یہ ہاؤس نے بھی نوٹ کیا ہے اور میں نے بھی نوٹ کیا ہے کہ شریعت بل کے سلسلے میں .....

قاضی عبداللطیف: کہ جب علماء کی تابعداری نہیں کی جائے گی اور

نہ حیادار لوگوں سے حیا کیا جائے گا تو اس کے بعد یہ ہے کہ اللہ ہمیں اس زمانے سے بچا۔

جناب وسیم سجاد : جناب وقت بہت قیمتی ہے، لوگ پہلے ہی کہہ رہے ہیں کہ سیشن بہت شارٹ ہے اس میں کام کرنا ہے۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں this is not relevant اور جنہوں نے بائیکاٹ کرنا ہے وہ بے شک بائیکاٹ کریں میری درخواست ہوگی کہ وہ رہیں لیکن اگر وہ اس میں نہیں رہ سکتے تو ان کی مرضی ہے۔

قاضی عبداللطیف : حضرت آپ سے ہمارا بائیکاٹ نہیں ہے اور آپ کے ہم مشکور ہیں آپ نے ہمیشہ ہمیں موقع دیا ہے، ہمارے بائیکاٹ کا موضوع کچھ اور ہے ہمارا بائیکاٹ ان لوگوں سے ہے جن لوگوں نے ہمارے خلاف یہ رویہ اختیار کیا ہوا ہے ان لوگوں کے خلاف ہمارا بائیکاٹ ہے۔

جناب چیئرمین : اس موقع سے ناجائز فائدہ نہیں اٹھانا چاہیئے۔

مولانا سمیع الحق : جناب والا! میں پوائنٹ آف آرڈر پر تھا، جناب وزیر داخلہ نے مداخلت کی آپ مجھے بولنے کا حق ہی نہیں دیتے، میں نے بات شروع کی تھی انہوں نے کہا یہ غیر شرعی ہے پھر آپ نے اور سب حضرات کو موقع دیا اور میں اب اپنا اظہار خیال کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین : آپ نے بھی یہی کہنا ہے کہ شریعت کے .....

مولانا سمیع الحق : ہاں میں نے کہنا ہے لیکن یہ ضروری نہیں ہے کہ ایک کہہ دے تو میں اس پر اکتفا کر لوں، میں اپنی قبر میں جا کر سوؤں گا۔ میں اپنی بہت بڑی پارٹی کا ترجمان ہوں نمائندہ ہوں، جمعیت العلمائے اسلام کی طرف سے مجھے بھی اپنے جذبات ظاہر کرنے ہیں۔

جناب چیئرمین : جی فرمائیے۔

مولانا سمیع الحق : میں اتنا عرض کروں گا جناب والا! کہ وزیر عدل صاحب نے بار

[Maulana Sami-ul-Haq]

بار کہا ہے کہ ہم شریعت بل کے مخالف ہیں آج انہوں نے واضح طور پر کہا ہے کہ شریعت بل شریعت نہیں ہے اگر یہ شریعت نہیں ہے تو انہوں نے آج تک شریعت کی کوئی واضح اور مثبت، چیز سامنے کیوں نہیں رکھی وہ مسلسل ایک ایسی شریعت کی تلاش میں ہیں کہ جس سے اللہ بھی راضی ہوں اور لات و منات بھی راضی ہوں۔

جناب چیئرمین : یہ سب باتیں جب شریعت بل سامنے ہو اس کے ضمن میں آپ کہہ سکتے ہیں اور پہلے بھی آپ کہہ چکے ہیں۔

مولانا سمیع الحق : ابھی ضمناً انہوں نے کہا ہے کہ شریعت بل، شریعت نہیں ہے تو پھر تو کوئی ایسی چیز ہمارے سامنے رکھ دیتے کہ ہم کوئی چیز تو دیکھ لیتے اس میں کوئی مثبت تجویز یا ٹھوس پیش رفت ہوتی تو ہم سمجھتے، اب کیسی شریعت کی تلاش میں ہیں کیا اکبر کا دین الٰہی وہ دوبارہ زندہ کرنا چاہتے ہیں۔ ہندو بھی، مسلمان بھی، سکھ بھی، شرابی بھی زانی بھی، سمگلر بھی اور چور بھی اس سے خوش ہوں اور پھر ان کی لوٹ کھسوٹ پر بھی زد نہ پڑے اور یہ اپنے الٹے تلے بھی پورے کر سکیں، اور مفاد پرست طبقے کے مفادات بھی جاری رہ سکیں تو ایسا شریعت بل تو کبھی قیامت کے دن تک ایوان میں پیش نہیں کر سکتے۔ اب اگر یہ شریعت بل کو شریعت نہیں سمجھتے تو میں اتنی سو بار درخواست کروں گا کہ خدا را وہ اخلاقی جرأت کا مظاہرہ کر کے اس کو مسترد کیوں نہیں کر دیتے قوم کو گومگو کی کیفیت میں رکھا ہوا ہے۔ اگر یہ شریعت بل شریعت نہیں ہے تو ہم اتنی گزارش کریں گے کہ اگر آپ منظور نہیں کر سکتے تو آپ ایمانی جرأت اور اخلاقی جرأت سے اسے فوراً مسترد کر دیں آپ اس کو کیوں لیت و لعل سے ٹال رہے ہیں۔ آپ کے بہروپ باز آدمی مسلسل اخبارات میں لوگوں کو مژدے سناتے ہیں کہ ہمارے مذاکرات جاری ہیں۔ کسی کے ساتھ نہ آپ کے مذاکرات ہو رہے ہیں نہ کسی کے ساتھ رابطہ ہے .... (مداخلت)

جناب چیئرمین : اس کو آپ چھوڑیں میرے خیال میں آپ کا پوائنٹ یہ ہے جب تک حکومت ایسا بل نہیں لے آتی جس کی آپ نے تعریف کر دی اتنے تک آپ بائیکاٹ کر رہے ہیں یہ آپ کی مرضی ہے۔

مولانا سمیع الحق: تو میں یہ اپیل بھی کر رہا ہوں کہ آپ بڑی آسانی سے اس کو مسترد کر دیں کہ آپ کی جان اس بلا سے چھوٹ جائے اور یہ پھندا جو آپ کے گلے میں پھنسا ہوا ہے اس سے آپ بھی آرام سے رہ سکیں اور ہم بھی۔ ہم بہرحال اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے اس سیشن سے اس شریعت بل کے سلسلے میں بائیکاٹ کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی ہو گیا۔

جناب وسیم سجاد: جناب والا! اب جو اتنی باتیں ہو چکی ہیں تو مجھے بھی موقع دیا جائے۔ میں حکومت کی طرف سے وضاحت کر سکوں۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: پوائنٹ آف آرڈر، ہم اس وقت جو اڑھائی سال سے .... (مداخلت)

جناب چیئرمین: میرے خیال میں پوائنٹ آف آرڈر اس کے متعلق ہو سکتا ہے جو ہاؤس کے .... (مداخلت)

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: میں اسی پر آ رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: کس پر آ رہے ہیں وہ جو موشن تھا وہ تو کب کا رول آؤٹ ہو چکا ہے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: نہیں، اسی بات پر آ رہا ہوں۔ میں اپنی پوزیشن واضح کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: آپ بھی بائیکاٹ کرنا چاہتے ہیں۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جی میں ابھی اسی بات پر آ رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: اگر ہے تو ایک لفظ میں کہہ دیں۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: میں آ رہا ہوں اور آخری لفظ جو آپ کہیں گے اور جیسا آپ کا اعلان ہو گا تو میں اسی طرح عملدرآمد کروں گا بات یہ ہے کہ اڑھائی سال سے ہم مسلسل اس ایوان میں شریعت محمدی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نفاذ کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ہمارا صدر پاکستان مسلمان، وزیراعظم پاکستان مسلمان، سینیٹ

[Mr. Abdul Rahim Mirdad Khel]

کا چیئرمین مسلمان، قومی اسمبلی کا سپیکر مسلمان، پارلیمنٹ کے اراکین مسلمان، ہم ان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اسلامی نظام قائم کرو۔ اب ہم کس سے مطالبہ کرتے خدانخواستہ ہم ہندوستان میں بیٹھتے اور اس سے مطالبہ کرتے کہ چلو یہاں نظام مصطفیٰ قائم کرو۔ اب ہم سب مسلمان ہیں اور پھر ہم ایک دوسرے سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اس ملک میں شریعت کا نفاذ ہو۔ شریعت ہم کیوں چاہتے ہیں اس کی وجوہات بھی ہیں۔ وہ یہ ہیں کہ اس ملک میں اگر شریعت محمدی کا نظام ہو۔ شریف انسان کی شرافت محفوظ ہو.... (مداخلت)

جناب چیئرمین: اس پر دو سال سے بحث جاری ہے اور یہ سب باتیں ہو چکی ہیں پوائنٹ آف آرڈر کونسا ہے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: میری عرض سنیں۔ شریعت ہم اس لئے چاہتے ہیں ایک بزرگ انسان کی شرافت اور ایک خاتون کی عصمت محفوظ ہو ایک معصوم بچے کی جان محفوظ ہو۔ ایک محنت کش کی جان محفوظ ہو ہم اس ملک میں اسلامی نظام چاہتے ہیں کوئی فیشن ایبل قانون نہیں چاہتے ہیں بلکہ دین الٰہی کا نفاذ چاہتے ہیں آخر یہ ملک ہم نے کس لئے حاصل کیا تھا اسی لئے کہ اس ملک میں نظام اسلام قائم ہوگا اس ملک کے لئے ہم نے لاکھوں جانوں کی قربانی دی تھی اور آخر میں شعر عرض ہے۔

اے میرے پاک وطن تیری بنیادوں میں ہے لاکھوں شہیدوں کا لہو
ہم تجھے گنج دو عالم سے گراں پاتے ہیں

جناب چیئرمین: شکریہ!

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: آپ نے آخری لفظ ہمیں کہا کہ بائیکاٹ کرنا چاہتے ہیں تو آپ کے لفظ پر لبیک کہتے ہوئے میں اس ایوان سے جاتا ہوں۔ شکریہ!

جناب چیئرمین: وہ آپ نے "لبیک" پہلے اخبار میں دے دیا تھا۔

Mir Hussain Bakhsh Bangulzai: Point of order Sir.

Mr. Chairman: No point of order on this issue any longer. Mr. Wasim Sajjad, I think, is going to say something.

Mir Hussain Bakhsh Bangulzai: Point of explanation.

جناب چیئرمین: آپ کا نہ کوئی ریفرنس ہوا ہے نہ کوئی نام آیا ہے۔

There can be no point of explanation on this.

میر حسین بخش بنگلزئی: جناب میں آپ سے اجازت چاہتا تھا۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں آپ تشریف رکھیں۔ جناب وسیم سجاد صاحب۔

جناب وسیم سجاد: جناب والا! چونکہ بہت سی باتیں کہی گئی ہیں اور ضرورت ہے کہ میں حکومت کی طرف سے وضاحت کروں میں جناب کی اجازت چاہوں گا۔ یہ سب کو علم ہے کہ متحدہ شریعت محاذ نے بہت عرصہ پہلے یہ فیصلہ کر لیا تھا کہ انہیں بائیکاٹ کرنا ہے اور یہ فیصلہ انہوں نے تب کیا جب پاکستان کے عوام نے ان کی پذیرائی نہیں کی۔ انہوں نے پہلے بھی اعلان کیا تھا کہ ۲۷ رمضان کے بعد ایک تحریک چلائیں گے عوام نے اس کو مسترد کر دیا اور اس لئے مسترد کیا کہ عوام جانتے ہیں کہ اس معاملے میں حکومت مخلص ہے اور ایسی کوئی چیز نہیں کرنا چاہتی جس سے پاکستان میں افراتفری پیدا ہو فرقہ واریت ہو اور شریعت کے نام پر لوگوں میں آپس میں تفرقہ پیدا ہو جب انہوں نے بائیکاٹ کا فیصلہ کر لیا تھا تو اس کا ایک شریفانہ طریقہ یہ تھا جو پروفیسر خورشید احمد نے اختیار کیا۔ یعنی کہ انہوں نے ایک چٹھی لکھ دی اور کہا کہ جناب میرے اعلیٰ حکام نے فیصلہ کیا ہے کہ میں اس اجلاس میں شرکت نہ کروں اور انہوں نے جناب کو خط بھیج دیا۔ جناب نے وہ پڑھ کر سنا دیا ایک دوسرا طریقہ تھا لیکن یہاں پر میں سمجھتا تھا کہ total confusion تھی۔ ایک کہہ رہے تھے کہ میں نے یہ تحریک استحقاق پیش کی ہے کبھی کہتے تھے میں نے ذریعہ بنایا کبھی کہتے تھے میں نے پیش نہیں کی کافی وقت ایوان کا انہوں نے لیا اور ایسی باتیں انہوں نے کہی جو درست نہیں ہیں اور میں ان کی تردید کرنا چاہتا ہوں۔ جہاں تک ہمارے نویں ترمیمی بل کا تعلق ہے میں یہ وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ بل حکومت کی طرف سے پیش کیا گیا تھا اور سینیٹ سے پاس ہوا تھا جس وقت یہ بل

نیشنل اسمبلی میں گیا تو حکومت نے اس کو نیشنل اسمبلی میں پیش کیا۔ نیشنل اسمبلی کے ممبران کی خواہش کے مطابق اس کو ایک سلیکٹ کمیٹی کے سپرد کیا گیا سلیکٹ کمیٹی میں چند اختلافات سامنے آئے اور کچھ ممبران خصوصاً خواتین نے اظہار کیا کہ اس کی کچھ شقیں جو ہیں ان میں ترمیم کی جائے اور مجھے یاد ہے کہ میں نے ایک تقریر کی تھی قومی اسمبلی میں جس میں، میں نے کہا تھا کہ حکومت ہر اس کوشش کی پذیرائی کرے گی جس میں یہ کوشش کی جائے گی کہ متفقہ رائے یعنی Consensus کے ذریعے نویں ترمیمی بل کو پاس کیا جائے ہم Consensus کیوں چاہتے ہیں کیونکہ اسلام کے نام پر کوئی تفریق نہیں ہونی چاہیئے کوئی تفرقہ بازی نہیں ہونی چاہیئے اسلام کے نام پر سب متحد ہونے چاہئیں ورنہ یہ پاکستان کے لئے خطرناک دن ہو گا جب اسلام کے نام پر ہم آپس میں لڑائی شروع کریں۔ ہم آپس میں بیان بازی شروع کریں اور ہم یہ کہیں کہ یہ اسلام ہے یہ اسلام نہیں ہے۔ اس لئے حکومت یہ چاہتی ہے کہ پاکستان میں مکمل شریعت کا نفاذ ہو اور اس کے لئے آئین میں ضمانت موجود ہے۔ آئین میں لکھا ہوا ہے کہ شریعت کا نفاذ کس طریقے سے ہو گا۔ آئین میں لکھا ہوا ہے کہ پاکستان کا اعلیٰ قانون قرآن و سنت ہو گا۔

شریعت بل کے بارے میں ہمیں اختلاف ہے ہم نے پہلے بھی کہا ہے اور اب بھی کہیں گے اختلاف جناب بہت بنیادی قسم کے اختلاف ہیں پہلی چیز تو یہ ہے کہ شریعت کس کو کہتے ہیں۔ میں نے بار بار وضاحت کی ہے کہ پاکستان کے عوام کے نزدیک شریعت اللہ تعالےٰ کے قانون اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی سنت کا نام ہے۔ اس کے علاوہ کسی انسانی سوچ کو چاہے وہ کتنا بڑا عالم ہو شریعت نہیں کہا جا سکتا۔ قرآن حکیم میں اللہ تعالےٰ نے لکھا ہے کہ میں نے آج تمہارا دین مکمل کر دیا۔ جب اللہ تعالےٰ نے دین مکمل کر دیا تو اس کے بعد کسی انسان کی کوشش کو دین میں شامل نہیں کیا جا سکتا ہے۔ لہٰذا اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر شریعت قرآن و سنت ہے اور جس طرح انہوں نے شریعت بل میں لکھا ہوا ہے۔ کہ شریعت قرآن و سنت کے علاوہ

اور بھی بہت ساری چیزیں ہیں ۔ قیاس اجماع کو بھی انہوں نے شریعت کا حصہ بنایا ہوا ہے ہم یہ کہتے ہیں کہ اجماع اور قیاس فقہ ہو سکتے ہیں لیکن وہ شریعت نہیں ہو سکتے۔ شریعت اس لئے نہیں ہو سکتے کہ شریعت ایک ابدی چیز ہوتی ہے تمام زمانے کے لئے، تمام لوگوں کے لئے، تمام ادوار کے لئے ہوتی ہے ۔لیکن فقہ جو ہوتا ہے وہ ایک انسانی کوشش کا نام ہے ۔ فقہ میں اختلاف بھی آ سکتا ہے ۔ فقہ میں زمانے کے حالات کے مطابق تبدیلی بھی آ سکتی ہے لہٰذا ہم نے کہا تھا کہ شریعت کو آپ قرآن و سنت تک محدود رکھیں۔اس پر کوئی اختلاف نہیں ہوگا ۔ اللہ تعالے کا قانون رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا حکم شریعت ہے یہ سب پر لازم ہے ہم سب اس کو مانتے ہیں کوئی اس پر اختلاف نہیں ہے۔

اس کے بعد جناب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ انہوں نے کہا تھا کہ ہر عدالت شریعت کے مطابق فیصلہ کرے یہ اس شریعت بل میں لکھا ہوا ہے ۔ جناب والا! پہلے انہوں نے شریعت کی تعریف ایسی کی ہے ۔ اس میں تفرقہ بازی کا بیج ڈال دیا گیا ہے کہ فقہ میں اختلافات ہیں۔ امام ابوحنیفہ بہت بڑے عالم تھے لیکن ان کے دو شاگردوں نے ان سے اختلاف کیا۔ سنیوں میں چار schools of thought ہیں یعنی مکاتب فکر ہیں۔حنبلی، شافعی، مالکی اور حنفی۔ اس کے علاوہ شیعوں میں فقہ جعفریہ ہے۔کیونکہ انسانوں میں اختلاف آراء ہے۔ ایک ہی مسئلے پر مختلف آراء ہیں لہٰذا یہ فقہ جو ہے اس میں تفرقہ بازی ہو سکتی ہے۔اس لئے جب ہم یہ کہتے ہیں کہ تمام عدالتیں شریعت کے مطابق فیصلہ کریں اور شریعت کی تعریف میں انسانی کوشش کو شامل کر دیا گیا ہے تو اس اختلاف کا بیج جو ہے وہ ڈال دیا گیا ہے ۔ میں نے پہلے بھی کئی دفعہ عرض کیا تھا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث مشہور ہے جب انہوں نے یمن کا گورنر مقرر کیا تو انہوں نے پوچھا کہ بھئی اب تم فیصلے کیسے کرو گے تو انہوں نے کہا کہ میں اللہ تعالے کی کتاب قرآن کے مطابق فیصلے کروں گا تو پھر آپ نے فرمایا کہ اس میں روشنی نہ ملی تو پھر

[Mr. Wasim Sajjad]

کیسے فیصلے کرو گے انہوں نے کہا کہ سنت کے مطابق فیصلے کروں گا پھر کہا کہ اس میں بھی روشنی نہ ملی تو کیسے فیصلے کرو گے تو پھر کہا کہ میں اپنا دماغ اور اپنی عقل استعمال کروں گا تو انہوں نے کہا کہ بالکل ٹھیک ہے یہی اسلامی طریقہ ہے۔

جناب والا! کچھ اللہ تعالے کے احکامات واضح طور پر موجود ہیں کچھ ایسے احکام ہیں جہاں پر یہ کہا گیا ہے کہ یہ تم نہیں کرو گے۔ اس کے علاوہ جو فیلڈ ہے وہ پارلیمنٹ کے لئے کھلی ہوتی ہے، قانون سازی پارلیمنٹ کے ذریعے ہوتی ہے، اور یہ فیصلہ کرنے کا اختیار ہم کسی نامزد جج کو نہیں دے سکتے کہ آپ فیصلہ کریں کہ قانون کیا ہے۔ یہ قانون بنانا، قانون کا اطلاق کرنا، پارلیمنٹ کا کام ہے اور آج کے زمانے میں اجماع صرف پارلیمنٹ کے ذریعہ ہی ہو سکتا ہے کیونکہ یہ حق اللہ تعالے نے اُمّت کو دیا ہے۔ یہ حق کسی انسان کو نہیں دیا۔ اللہ تعالے نے یہ حق جو ہے یہ اُمّت کے نام دیا ہے اور اُمّت کس طرح فیصلے کرے گی؟ امت فیصلے کرتی ہے پارلیمنٹ کے ذریعے۔

جناب والا! یہ اختلافات اس قسم کے ہیں ہم نے بار بار کہا ہے کہ ہمیں آپ اس سلسلے میں کوئی تجویز دیں جس کے نتیجے میں ہم concensus پر پہنچ سکیں تاکہ آپس میں ہم ایسا فیصلہ کریں جو سب کے لئے قابل قبول ہو۔ پاکستان میں ایسی کوئی چیز نہ کی جائے جس کے نتیجے میں ایک بھائی دوسرے بھائی سے کہے کہ وہ یہ اسلام ہے، یہ اسلام نہیں ہے ہم ایسی کوئی صورت نہیں چاہتے۔ ہماری نیتیں صاف ہیں، قانون میں، آئین میں یہ لکھ دیا گیا ہے اور ہمارے جو aims ہیں، ہمارے جو ارادے ہیں، اور ہمارا جو نصب العین ہے یہ سب واضح ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ یہاں مکمل شریعت کا نفاذ ہو۔ یہاں پر اسلامی حکومت ہو، اسلامی اقدار کا نفاذ ہو۔ ہم ایسی کوئی چیز نہیں چاہتے جس سے کہ پاکستان میں تفرقہ پیدا ہو۔ شکریہ!

